**Q. 7. Translate the following into English by keeping in view figurative/idiomatic expressions. (10)**

ہر دور اپنے ساتھ بہت سے ایسے معاملات بھی لے کر آتا ہے جو کسی کی پسند کے نہیں ہوتے مگر انہیں قبول کرنا ہی پڑتا ہے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ قدرت شاید ہمیں آزمانے کی خاطر ایسا بہت کچھ ہمارے سامنے رکھتی ہے جو ہمارے مطلب کا نہیں ہوتا بلکہ اس سے ہمارا کوئی تعلق ہی نہیں ہوتا مگر پھر بھی اسے زندگی کا حصہ بناتے ہوئے چلنا پڑتا ہے۔ آج بھی ایسا ہی چل رہا ہے۔ ہر صدی اپنے ساتھ ایسی تبدیلیاں لاتی رہی ہے جو گزشتہ صدیوں کے مقابلے میں بالکل نئی تھیں ۔ فطری علوم وفنون کی ترقی نے انسان کو ایسا بہت کچھ دیا ہے جسے علمی و معاشی عمل کا کچرا قرار دیا جاسکتا ہے۔ قدرت ہمیں پھل دیتی ہے تو ساتھ ہی ساتھ اس بات کا بھی پابند کرتی ہے کہ اس کے چھلکوں کو ڈھنگ سے ٹھکانے لگائیں۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو ماحول کی غلاظت بڑھتی ہے

**************

CamScanner

DATE: ________ DAY: ________

# "CSS Translation 2022"

Every era brings with itself many matters which people do not like but have to accept. Sometimes, perhaps to test us, the nature present before us numerous things which we do not need, rather they are unrelated to us. Yet we have to make them part of our lives and carry on with life. That is what is happening even today. Every century has been bringing with it changes which were completely new as compared to past centuries. The development of natural sciences and arts has given mankind much that can be considered as the waste of intellectual and economic activity. Nature gives us fruits but also oblige us to properly dispose their peels. If not done so, environmental waste increases.

CS CamScanner